GOVERNMENT OF KHYBER PAKHTUNKHWA

KHYBER PAKHTUNKHWA **INTEGRATED TOURISM DEVELOPMENT PROJECT** (KITE)
PROJECT MANAGEMENT UNIT (DoT)

Department of Tourism, Culture, Sports, Archaeology, Museums & Youth Affairs

# خیبر پختونخوا میں سیاحت کے فروغ کے لئے منصوبہ

## خیبر پختونخوا میں چھ آثار قدیمہ مقامات پر تحفظ بحالی اور تعمیراتی کام

شاہ پولہ سٹوپا ۔ بھا مالا سٹوپا ، مین کالام مسجد پشمال مسجد ، ہنڈ عجائب گھر اور مردان عجائب گھر

## 1. منصوبے کا تعارف:

یہ فزیکل کلچرل ریسورس مینجمنٹ پلان (PCRMP) محکمہ سیاحت حکومت خیبرپختونخوا کے لیے تیار کیا گیا ہے۔

ی پلان پراجیکٹ مینجمنٹ یونٹ (PMU) خیبر پختونخوا انٹیگریٹڈ ٹورازم ڈویلپمنٹ (KITE) کے تحت صوبے کے آثار قدیمہ کے مختلف مقامات کے تحفظ، بحالی اورسیاحوں کے سہولیات کے کاموں کے اثرات کا احاطہ کرتا ہے۔ KITE کے بنیادی مقاصد میں ثقافت اور مذہبی سیاحت کو فروغ دینا اور ترقی دینا شامل ہے۔ اس لیے آثار قدیمہ کے مقامات کو محفوظ کرنے اور ان مقامات کو ثقافتی اور مذہبی سیاحت کا مرکز بنانے کاآغاز کیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں، چھ (06) تاریخی مقامات بشمول بھمالہ اسٹوپا، ضلع ہری پور، شاپولا اسٹوپا، لنڈی کوتل ضلع خیبر، پشمال اور مین کالام مساجد، ضلع سوات، ہنڈ میوزیم ڈسٹرکٹ صوابی اور مردان میوزیم، ضلع مردان، کا انتخاب کیا گیا ہے۔

یہ دستاویز مندرجہ بالا تمام سائٹس کے لیے ایک مربوط PCRMP پیش کرتا ہے تاکہ مجوزہ ذیلی منصوبوں کی تعمیر اور آپریشن کے مراحل کے دوران متوقع منفی اثرات کو کم کرنے کے اقدامات کا خاکہ تیار کیا جاسکے۔ یہ رپورٹ انوائرمینٹل اینڈ سوشل مینجمنٹ فریم ورک (ESMF) 2020 کی بنیاد پر تیار کی گئی ہے تاکہ یہ مجوزہ ذیلی منصوبے ورلڈ بینک کی حفاظتی پالیسیوں کے مطابق قومی و صوبائی وبین الاقوامی بہترین طریقوں کو اپنا سکیں۔

یہ PCRMP کنٹریکٹر کے معاہدے کے دستاویزات کا حصہ ہوگا اور اس کی تعمیل لازمی ہے۔

## 2. قانونی پالیسی اور انتظامی ڈھانچہ

عالمی بینک کی پالیسیاں جو ان منصوبوں پر لاگو ہوتی ہیں ان میں Environmental Assessment (OP 4.01 ) فزیکل کلچر ریسورز (OP – 4.11 ) قدرتی رہن سہن ( OP – 4.04) از خود آبادی کاری (OP – 4.12 ) اور Forest Act (OP 4.36) شامل ہیں ۔

علاوہ ازیں یہ پلان حکومت پاکستان کے ماحولیاتی تحفظ قانون 2014ء جنگلی حیات اور حیاتی ماحول ایکٹ اور زمین کے حصول کے لیے لینڈ ریکوزیشن قانون کےعلاوہ دوسرے قوانین کو مدِ نظر رکھ کر بنائے گئے ہیں۔

## 3. سب پروجیکٹس کی تفصیل

اس منصوبے میں سیاحت کو فروع دینے کے لیے آثار قدیمہ کے مقامات کے نفراسٹرکچر کی بہتری اور سیاحتی سہولتوں کی فراہمی شامل ہے۔ ذیلی منصوبوں میں شامل سرگرمیاں ذیل میں دی گئی ہیں۔

**شاپولا سٹوپا**: قدیم، ساختی کھنڈرات کا تحفظ اور بحالی، مناسب تحفظ کے اقدامات کے ذریعے فن تعمیر اور بحالی کے کام کے لیے بنیادی سہولیات، سائٹ کی ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے ضروری سرگرمیاں جیسا کہ مٹی کے کٹاؤ کے حصوں کو بھرنا، بجلی، پانی کی فراہمی، سینیٹری سہولیات، لان کی چھوٹی مرمت/ دیکھ بھال۔

**بھمالا سٹوپا**: قدیم، ساختی کھنڈرات کا تحفظ اور بحالی، مناسب تحفظ کے اقدامات کے ذریعے فن تعمیر اور بحالی کے کام کے لیے بنیادی سہولیات، سائٹ کی ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے ضروری سرگرمیاں جیسا کہ مٹی کے کٹاؤ کے حصوں کو بھرنا، بجلی، پانی کی فراہمی، سینیٹری سہولیات، لان کی چھوٹی مرمت/ دیکھ بھال، سلیپنگ بدھا کے اوپر شیڈ کی فراہمی۔

**مین کالام مسجد**: قدیم، ساختی کھنڈرات کا تحفظ اور بحالی، مناسب تحفظ کے اقدامات کے ذریعے فن تعمیر اور بحالی کے کام کے لیے بنیادی سہولیات، سائٹ کی ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے ضروری سرگرمیاں جیسا کہ مٹی کے کٹاؤ کے حصوں کو بھرنا، بجلی، پانی کی فراہمی، سینیٹری سہولیات، لان کی چھوٹی مرمت/ دیکھ بھال۔

**پشمال مسجد**: قدیم، ساختی کھنڈرات کا تحفظ اور بحالی، مناسب تحفظ کے اقدامات کے ذریعے فن تعمیر اور بحالی کے کام کے لیے بنیادی سہولیات، سائٹ کی ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے ضروری سرگرمیاں جیسا کہ مٹی کے کٹاؤ کے حصوں کو بھرنا، بجلی، پانی کی فراہمی، سینیٹری سہولیات، لان کی چھوٹی مرمت/ دیکھ بھال۔

**ہنڈ میوزیم:** چھت کی مرمت، بٹو مین، پولی تھین شیٹ مٹی اور اینٹوں سے ڈھکی ہوئی ٹائل کا ستعمال کرتے ہوئے کیا جائے گا اور گنبد کی تبدیلی۔

**مردان میوزیم:** چھت کی مرمت، اندرونی بجلی کی بہتری، کھڑکیوں کی تبدیلی، فرش ودیوار وں کی پینٹنگ کا کام اور سی سی ٹی وی کیمروں کے نظام کی فراہمی۔

تعمیرکےمرحلے کے دوران ہر مجوزہ پروجیکٹ کے لے درکار عارضی افرادی قوت تقریباً پینتالیس (45) کارکنان / ملازمین پر مشتمل ہوگی۔ ہر ذیلی منصوبے کے نفاذ کی مدت بارہ (12) ماہ ہے۔

**4 -عوامی مشاورت :**

منصوبے کے آغاز میں ثقافتی ورثہ کے انتظامی ڈھانچہ کو بنانے کے لئے آثار قدیمہ ماہرین، انجنئیرز اور سرکاری عہدیداروں سے مشاورت

کی گئی .

یہ مشاورت دسمبر 2019،جنوری 2020 اورمئی 2021 میں کی گئی۔ یہ مشاورت متاثرین کے ساتھ اتفاق رائے بنانے میں مفید ثابت ہوئی اور یہ سلسلہ اسی طرح جاری رہے گا تا کہ منصوبے کو موثر انداز میں پایہ تکمیل تک پنچایا جا سکے ۔

مشاورت کے دوران شرکاءسے منصوبے میں ہونے والے مثبت اور منفی اثرات کے بارے میں رائے لی گئی۔ مقامی لوگ اور ماہرین اس منصوبے سے بہت خوش ہیں، اور سمجھتے ہیں کہ اس منصوبے سے علاقہ میں سیاحت کو فروغ ملے گا اور معاشی سرگرمیاں بڑھے گی جس کی وجہ سے لوگوں کو روزگار کےمواقع فراہم ہونگے۔

عوامی مشاورت کے عمل میں علاقے کے بہت سارے لوگوں نے حصہ لیا اور منصوبے کے لئے اپنے تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

**5 .منصوبے کے اثرات**

اس منصوبے کی وجہ سے مندرجہ ذیل مثبت اور منفی اثرات درپیش آسکتے ہیں۔

1- اس منصوبے کی وجہ سے سیاحت کو فروغ ملے گا اور لوگوں کے لئے روزگار کے مواقع پیدا ہونگے۔جس کی وجہ سے صوبے کی اقتصادی حالات میں بہتری آئے گی ۔اس سے علاقے میں سماجی اور اقتصادی فوائد میں اضافہ ہوگا۔

2- اس منصوبے کی وجہ سے ممکنہ ثقافتی ، ماحولیاتی اور سماجی منفی اثرات متوقع ہے جن میں زمین کے آکودگی ، مٹی کی آلودگی، شور کی آلودگی ، زمین کی کھودائی ، تاریخی مقامات کی حادثاتی نقصانات ، تاریخی مقامات کی دوبارہ تزئین و آرائش ، لکڑی کی چیزوں کی بحالی اور کھڑکھیوں کی تبدیلی کے دوران نقصانات ، ٹریفک کے مسائل، ماحولیاتی صحت اور حفاظتی مسائل، روزمرہ زندگی کے کاموں میں رکاوٹ، تعمیراتی جگہ سے ٹھوس تعمیراتی فضلہ کی افزائش اور آلودہ پانی سےماحولیاتی بگاڑھ، جنگلی حیات میں خلل، مزدوری کی وجہ سے سماجی تنازعات ، کمیونٹی کی صحت اور حفاظت کے مسائل اور کورونا کا پھیلاؤ شامل ہیں .

**ان اثرات کے خاتمے کے لئے درجہ ذیل اقدامات تجویز کیے گئے ہیں**

1- عالمی بینک کی ماحولیاتی صحت اور حفاظت کے اصولوں اور ہدایت پر عمل کر کے ان اثرات کو کم کیا جا سکتا ہے۔

2- تمام موجودہ سرگرمیوں میں اس بات کو یقینی بنایا جائے گا کہ ثقافت ، ماحولیاتی اور سماجی مسائل کی نشاندہی کی جائے اور معیاری ہدایات کے زریعے ان خطرات کو کم کیا جائے ۔

3- کام کے آغاز سے پہلے ممکنہ اثرات کو مد نظر رکھتے ہوئے تمام نقشہ جات اور مرمت کی کاموں کا جائزہ اور توثیق کی جائے گی ۔

4- صرف DOA کی اہل ٹھیکداروں کو کام دیا جائےگا

-5 اصل پلستر اور رنگ کی لیبارٹری ٹیسٹ کے ذریعے انتخاب کیا جائے گا۔

-6 کمیائی اور دیگر خطرناک مادوں کا محفوظ ذخیرہ اور ضائع کرنے کا مناسب نظام بتایا جایگا۔

-7 ٹریفک کی حادثات کے کنٹرول کرنے کیلئے مناسب اقدامات کی جائے ۔

-8 زمین کے حصول کے لئے مختصر بحالی کا منصوبہ (ARAP) بنایا جائے گا ۔

-9 صوبائی اور مرکزی سطح پر جاری ہونے والی سرکاری ہدایات پر عمل کر کے کورونا کے پھیلا و کو روکا جائے گا۔

**-5 ماحولیاتی اور سماجی انتظام کا منصوبہ**

یہ PCRMP ان ذیلی منصوبوں میں پیش آنے والے ممکنہ منفی اثرات کی تخفیف کے لیے ادار ہ جاتی انتظامات کا جائزہ فراہم کرتا ہے۔یہ انتظامات متعلقہ محکمہ کی ذمہ داریوں، ماحولیاتی آلودگی کی روک تھام، ان اقدامات کی نگرانی اور شکایت کے اندراج کے طریقہ کار کو واضح کرتا ہے۔

پروجیکٹ مینجمنٹ یونٹ اورڈائریکٹریٹ آف آرکیالوجی اس پراجیکٹ کے مجموعی نفاذ کے لئے ذمہ دار ہوگی ۔ تاکہ اوپر بیان کیے گئے انتظامی اقدامات پر عمل کیا جاسکے۔

**6 ۔ شکایات کے ازالہ کا طریقہ کار**

منصوبے میں باقاعدہ شکایات کے ازالہ کا طریقہ کار موجود ہوگا جو کہ متاثرین کی مدد کرے گا ۔ کوئی بھی متاثرہ شخص KITE پراجیکٹ کے شکایات کے ازالے کے طریقہ کار (GRM) پر عمل کرتے ہوئے اپنی شکایات درج کرواسکے گا ۔ منصوبے کا تکنیکی عملہ شکایات کا ازالہ واضح کردہ طریقہ کار کے مطابق حل کرنے کا پابند ہوگا ۔